# 235361 ـ فطرانے کے طور پر خشک دودھ دیا جا سکتا ہے؟

**سوال**

سوال: کیا میرے لیے فطرانہ ادا کرتے ہوئے خشک دودھ دینا جائز ہے؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

فطرہ یا فطرانے کے طور پر وہ غذائی اجناس نکالی جا سکتی ہیں جو کہ اہل علاقہ کی معمول کی غذا ہو، یعنی اہل علاقہ کی اکثریت اسی چیز کو بطور بنیادی غذا دوپہر یا شام کے کھانے وغیرہ میں استعمال کرتی ہو جیسے کہ  گندم، چاول وغیرہ ۔

اس لیے فطرانے کے طور پر خشک دودھ یعنی پاؤڈر اسی وقت دیا جا سکتا ہے جب اسے کسی علاقے کے لوگ بنیادی غذا کے طور پر استعمال کریں۔

میں نے یہ سوال اپنے شیخ عبد الرحمن براک حفظہ اللہ تعالی کے سامنے رکھا تو انہوں نے کہا:
"فطرانے کے طور پر دودھ دینا جائز نہیں ہے، البتہ اگر کسی علاقے میں بنیادی غذا کے طور پر اسے استعمال کیا جائے تو پھر کوئی حرج نہیں ہے" انتہی

واللہ اعلم.